21593 ـ نصیحت کے لیے میت کو غسل دینے کی تصویر بنانے کا حکم

سوال

وعظ و نصیحت کی غرض سے میت کو غسل دیتے ہوئے ویڈیو بنانے کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو غسل دیتے ہوئےمیت کی تصویر بنانا مقصد ہو تو یہ جائز نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی روح کی تصویر بنانے سے منع فرمایا، اور مصوروں پر لعنت کی اور فرمایا:

" مصوروں کو روز قیامت سب سے زیادہ عذاب دیا جائیگا "

لیکن اگر سائل کی مراد یہ ہے کہ: شریعت مطہرہ کے مطابق میت کو غسل دینے کا طریقہ بیان کر کے کیسٹ پر ریکارڈ کر کے اسے تقیسم یا فروخت کیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن اس میں تصویر نہیں ہونی چاہیے، جیسا کہ لوگوں کون ماز وغیرہ جس کی انہیں ضرورت ہے کی تعلیم دینے کے لیے ریکارڈنك کی جاتی ہے.

اللہ تعالی سب کو علم نافع اور عمل صالح کی توفیق نصیب فرمائے.